سابقے اور لاحقے

سابقہ: حرف چند حروف کا وہ مجموعہ جو کسی بامعنی لفظ کے "شروع" میں لگانے سے ایک نیا لفظ بن جائے سابقہ کہلاتا ہے۔

سابقے	استعمال
الف	امر(نہ مرنے والا)۔ انوٹ۔ انمل۔ اچھوت۔ الگ۔ الھنڈ
ن-	نذر نکما نہتا
ان	ان پڑھ ان مول ان دیکھا ان جان ان گنت ان بن
اہل	اہلِ بیت علم نظر زبان وطن
با	باوقار باشوق با اصول باوجود بامعنی باعزت
بد	چلن بدزبان بدمعاملہ بدپرہیز بدخواہ
بے	بے غیرت بے خوف بے زبان بے باک بے اصل بے باق
بِن	بن بلایا۔ بن دیکھا۔ بن سلا۔ بن آئی۔ بن کہے۔ بن سنے
خوش	لباس خوش مزاج خوش گفتار خوش خوراک خوش اخلاق خوش رو

صاحب	صاحب خانہ۔ صاحب مال۔ صاحب دل۔ صاحب حیثیت۔ صاحب اختیار۔ صاحب تدبیر
نا	نالائق۔ ناہنجار۔ ناواقف۔ ناچیز۔ ناراض۔ نامبارک۔ ناگوار۔ ناسمجھ
نیک	نیک دل۔ نیک چلن۔ نیک اندیش۔ نیک نیت۔ نیک نام۔ نیک سیرت
ہم	ہم جماعت۔ ہم خیال۔ ہم مذہب۔ ہم وطن۔ ہم پلہ۔ ہم کلام۔ ہم نوالہ۔

لاحقہ: ایک حرف یا چند حروف کا وہ مجموعہ جو کسی بامعنی لفظ کے "بعد" لگا دینے سے ایک نیا لفظ بن جائے اس بعد میں بننے والے لفظ یا حرف کو" لاحقہ" کہتے ہیں۔

لاحقے	استعمال
اندیش۔	دوراندیش۔ عاقبت اندیش۔ خیراندیش۔ کوتاہ اندیش
انگیز۔	ولولہ انگیز۔ حیرت انگیز۔ غم انگیز۔ عبرت انگیز۔ رقت انگیز۔ وحشت انگیز
بان۔	جہان بان۔ نگہ بان۔ گلہ بان۔ گاڑی بان۔ فیل بان۔
پوش۔	خوش پوش۔ پلنگ پوش۔ پاپوش۔ سرخ پوش۔ سرپوش
دان۔	نمک دان۔ روشن دان۔ قدردان۔ چراغ دان۔ قلم دان
دوست۔	علم دوست۔ خدا دوست۔ وطن دوست۔ عیش دوست۔ زردوست

ناک۔	افسوس ناک۔ عبرت ناک۔ حسرت ناک۔ دردناک۔ غم ناک۔
گار۔	پرہیزگار۔ پروردگار۔ طلب گار۔ خدمت گار
نشین۔	پردہ نشین۔ دل نشین۔ گوشہ نشین۔ ذہن نشین
پسند۔	دل پسند۔ قیامت پسند۔ خود پسند۔ عیش پسند
مند۔	دانش مند، دولت مند، غیرت مند، خرد مند۔ عقل مند۔ آرزو مند
خواہ۔	بدخواہ، دل خواہ، خیر خواہ، خاطر خواہ
دار۔	مال دار، جہاں دار، دل دار، وفادار، زردار